ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(431)

مورخہ 08.08.2023

**بہاولپور(          )پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کریک ڈاون،گزشتہ روز مختلف مقدمات میں 14 ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں منشیات،شراب واسلحہ ناجائز برآمد،ملزمان پابند سلاسل۔بہاولپور کو منشیات سے پاک کرنے کا خواب ضرور شرمندہ تعبیر ہوگا انشاءاللہ،ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کی جرائم کی سرکوبی کیلئے جاری ہدایات پر عملدرآمد کو یقینی بناتے ہوئے ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ کوتوالی،تھانہ بغداد الجدید اور تھانہ صدر حاصل پور پولیس نے منشیات فروشی کے مرتکب 06 ملزمان عبدالعلیم عرف موسیٰ،عائشہ اشرف،مہتاب کنول،توصیف،صابر ڈوگر اور افضل کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 05 کلو 870 گرام چرس اور 20 گرام آئس برآمد کر لی،جبکہ تھانہ صدر بہاولپور پولیس نے ملزم عمانوئیل ساگر سے 24 بوتلیں ولائتی شراب برآمد کر کے بند حوالات کیا۔اسلحہ ناجائز رکھنے والے افراد کے خلاف بھرپور کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے تھانہ صدر بہاولپور،تھانہ صدر احمد پور شرقیہ،تھانہ اوچشریف،تھانہ سٹی حاصل پور اور تھانہ صدر حاصل پور پولیس نے 07 ملزمان منیر،فرحان وغیرہ،وسیم عباس،یوسف،عابد اور نوید کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 04 عدد پسٹل 30 بور،01 عدد ریوالور اور 01 عدد رپیٹر 12 بور برآمد کر لیا۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی۔اس موقع پر ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ ایسے گھناؤنے جرائم کرنے والے جرائم پیشہ افراد کے خلاف اسی طرح کریک ڈاؤن جاری رکھتے ہوئے مزید موثر کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی تاکہ معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کیا جا سکے انہوں نے مزید کہا کہ بہاولپور کو منشیات سے پاک کرنے کا خواب ضرور شرمندہ تعبیر ہوگا انشاءاللہ۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور:پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کریک ڈاون،گزشتہ روز مختلف مقدمات میں منشیات،شراب واسلحہ ناجائز برآمد،ملزمان گرفتار